PAPER CODE - 8021

17

بارھویں کلاس 12022

اردو لازمی ، گروپ : پہلا　　　**حصہ معروضی**　　　وقت = 20 منٹ ، کل نمبر = 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A, B, C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا

DGK-G1-22

سوال نمبر 1　(الف) نثری اسباق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی کیجیے　۵

| | |
|---|---|
| 1 | پرے ہے چرخِ ............ سے منزل مسلماں کی　ستارے جس کی گردِ راہ ہوں، وہ کارواں تُو ہے<br>(A) سبز فام　(B) نیلی فام　(C) نیلی فام　(D) بے رنگ فام |
| 2 | بیگم اختر ریاض کی جائے پیدائش ہے۔　(A) کراچی　(B) بنارس　(C) کرناٹک　(D) کلکتہ |
| 3 | ڈاکٹر گلبرگ مہم جو آدمی ہیں برسوں وہ ............ جا کر اسکیموؤں کے ساتھ رہے۔　(A) سوازی لینڈ　(B) نیوزی لینڈ　(C) گرین لینڈ　(D) ہالینڈ |
| 4 | ہوائی میں ............ کی فیڈرل حکومت نے ایک عظیم الشان مرکز کھولا ہے۔　(A) سویڈن　(B) ناروے　(C) امریکہ　(D) مراکش |
| 5 | چراغ حسن حسرت اخبار نئی دنیا کے ............ تھے۔　(A) کولمبس　(B) واسکوڈے گاما　(C) کیپٹن کک　(D) ملاح احمد بن ماجد |

(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدنظر رکھتے ہوئے درست جواب کی نشان دہی کیجیے　۵

| | |
|---|---|
| 6 | ............ وہ محنت کرتا تو پاس ہو جاتا۔　(A) مگر　(B) چونکہ　(C) البتہ　(D) اگر |
| 7 | عورتوں نے کہا ہم ابھی ............　(A) آتے ہیں　(B) آتی ہیں　(C) آتیں ہیں　(D) آتی ہے |
| 8 | ادبی رسالہ " فنون " ابھی نہیں ............　(A) چھپی ہے　(B) چھپا ہے　(C) چھپے ہیں　(D) چھپیں ہیں |
| 9 | ............ پہاڑ پر چڑھتے گئے توں توں سردی بڑھتی گئی　(A) جیسے جیسے　(B) ویسے ویسے　(C) جوں جوں　(D) اگرچہ |
| 10 | گھر عورت کی سلطنت ............　(A) ہوتی ہے　(B) ہوتا ہے　(C) ہوتے ہیں　(D) ہوتیں ہیں |

(ج) رموزِ اوقاف کے صحیح استعمال کی نشان دہی کیجیے　۵

| | |
|---|---|
| 11 | خوشی کے جذبات کے اظہار کے لیے علامت استعمال ہوتی ہے۔　(A) فجائیہ کی　(B) رابطہ کی　(C) قوسین کی　(D) خط کی |
| 12 | ؟ یہ علامت ہے۔　(A) ندائیہ کی　(B) استفہامیہ کی　(C) واوین کی　(D) ختمہ کی |
| 13 | قوسین کو ............ بھی کہا جاتا ہے۔　(A) خطوطِ متوازی　(B) خطوطِ وحدانی　(C) خطوطِ انحراف　(D) خطوطِ عرض بلد |
| 14 | رابطہ کو ............ بھی کہا جاتا ہے۔　(A) وقفِ خفیف　(B) وقفِ جلی　(C) وقفِ لطیف　(D) وقفِ لازم |
| 15 | " " یہ علامت ہے۔　(A) ختمہ　(B) ندائیہ　(C) فجائیہ　(D) واوین |

(د) امدادی افعال کے استعمال کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جملے کی نشان دہی کیجیے　۵

| | |
|---|---|
| 16 | چکنا :　(A) ہونہار بروا کے چکنے چکنے پات　(B) شکاری کا نشانہ چوک گیا　(C) وہ فجر کی نماز پڑھ چکا ہے　(D) وہ وہاں اُس کا حساب چکائے گا |
| 17 | آنا :　(A) اِدھر میرے پاس آؤ　(B) کھانا کھا کر پہلے یہاں چلے آنا　(C) صبح سویرے جلدی آؤ　(D) وہ ہمیشہ سکول دیر سے آتا ہے |
| 18 | اُٹھنا :　(A) وہ صبح دیر سے اُٹھتا ہے　(B) آپ کو یوں ناراض ہو کر نہیں اُٹھنا ہے<br>(C) تم محفل سے جلدی کیوں اُٹھے　(D) آسٹریلیا کے جنگل میں آگ بھڑک اُٹھی |
| 19 | رکھنا :　(A) تم نے کتاب کہاں رکھی ہے　(B) موبائل فون میز پر رکھو<br>(C) لڑائی جھگڑے میں آخر کیا رکھا ہے　(D) بچوں نے گھر میں شور مچا رکھا ہے |
| 20 | پانا :　(A) اُس نے محنت کی اور اُس کا پھل پایا　(B) تم نے اُس کام میں کیا کھویا اور کیا پایا<br>(C) اُس نے مقابلہ میں انعام پایا　(D) اگر وہ محنت کرتا تو منزل پر جلد پہنچ پاتا |

ParhloPakistan.com

بارھویں کلاس 12022

D

اردو لازمی

وقت = 2 گھنٹے 40 منٹ

گروپ : پہلا

## حصہ انشائیہ

کل نمبر = 80

DGK-G1-22

سوال نمبر۲۔ (الف) درج ذیل اشعار کی مجموعی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۱+۸

تھا کبھی علم آدمی ، دل آدمی ، پیار آدمی ۔۔۔ آج کل زر آدمی ، قصر آدمی ، کار آدمی

کلبلاتی بستیاں ، مشکل سے دو چار آدمی ۔۔۔ کتنا کم یاب آدمی ہے ، کتنا بسیار آدمی

(ب) درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۳+۳+۳

تو شریکِ سخن نہیں ہے تو کیا ۔۔۔ ہم سخن تیری خامشی ہے ابھی

یاد کے بے نشاں جزیروں سے ۔۔۔ تیری آواز آ رہی ہے ابھی

شہر کی بے چراغ گلیوں میں ۔۔۔ زندگی تجھ کو ڈھونڈتی ہے ابھی

سوال نمبر۳۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے ۱۵ = ۱+۱+۳+۱۰

(الف) ایک دفعہ رات کے وقت مسجد میں گئے۔ ایک شخص مسجد کے صحن میں لیٹا ہوا تھا۔ اتفاق سے عمر بن عبدالعزیزؒ کے پاؤں کی ٹھوکر اس کو لگی۔ اس نے جلا کر کہا ، کیا تو پاگل ہے ؟ عمر بن عبدالعزیزؒ نے کہا کہ نہیں ، پولیس کے آدمی موجود تھے۔ انہوں نے اس شخص کو گستاخی کی سزا دینی چاہی۔ عمر بن عبدالعزیزؒ نے کہا ، کیوں اس نے کیا گناہ کیا ہے ؟ اس نے تو صرف استفسار کیا تھا کیا تم پاگل ہو ؟ میں نے کہہ دیا ، نہیں

(ب) پاکستان کی حکومت لازمی طور پر اسلامی جمہوریت کے ترقی پرور اصولوں پر قائم ہو گی جس میں مسلم اور غیر مسلم دونوں سے مساوی سلوک کیا جائے گا، جس میں بڑے بڑے سرمایہ داروں کے لیے جگہ نہ ہو گی بلکہ جس میں غریبوں اور کارکنوں کا خاص طور پر خیال رکھا جائے گا، جس میں عورت کے حقوق اور اس کی شخصیت محفوظ ہو گی، جس میں دولت اِدھر اُدھر تمام لوگوں میں مناسب طور پر تقسیم ہو کر اور ادھر بیت المال میں جمع ہو کر عوام الناس کا معیارِ زندگی بڑھانے کے کام آئے گی۔

سوال نمبر۴۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۹

(i) ایک سفر نامہ جو کہیں کا بھی نہیں (ii) مولانا ظفر علی خاں

سوال نمبر۵۔ مولانا الطاف حسین حالی کی نظم " اسلامی مساوات " کا خلاصہ تحریر کیجیے ۵

سوال نمبر۶۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے ۲۰

(الف) قرآنِ پاک ، مکمل ضابطۂ حیات

(ب) کرپشن / بدعنوانی کے اسباب، اثرات اور تدارک

(ج) بچپن ایک سنہری دور

سوال نمبر۷۔ ضلعی پولیس آفیسر کے نام ، شہر میں امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورت حال پر قابو پانے کے لیے خط لکھیے ۱۰



ParhloPakistan.com